فوری ریلیز کے لیے: 2/11/2022 **_گورنر KATHY HOCHUL_**

**گورنر HOCHUL اور اکثریتی لیڈر SCHUMER نے جینیسی کاؤنٹی میں 319$ ملین کی سہولت گاہ کی تعمیر کے لیے بڑے سیمی کنڈکٹر سپلائی چین مینوفیکچرر ایڈورڈز ویکیوم (EDWARDS VACUUM) کے نام کا اعلان کیا ہے**

**_برطانیہ میں موجود سیمی کنڈکٹر انڈسٹری کی یہ رہنما کمپنی 240,000 مربع فٹ کی سہولت گاہ تعمیر کرے گی، مغربی نیویارک کے STAMP سائنس اور ٹیکنالوجی ایڈوانسڈ مینوفیکچرنگ پارک میں 600 ملازمتیں تخلیق کرے گی_**

**_سرمایہ کاری مائیکرون ٹیکنالوجی سے 100$ بلین کے تاریخی عزم پر قائم ہے، بالائی نیویارک کی جدید مینوفیکچرنگ اور سیمی کنڈکٹر رہداری کو مزید مستحکم بناتی ہے_**

**_یہ سرمایہ کاری "فنگر لیکس فارورڈ" کی تکمیل کرتی ہے - جو کہ کیمونٹیز کو بحال کرنے اور معیشت کو فروغ دینے کے لیے خطے کی جامع حکمت عملی ہے_**

گورنر Kathy Hochul اور امریکی سینیٹ کے اکثریتی لیڈر Charles Schumer نے آج اعلان کیا ہے کہ برطانیہ میں موجود سیمی کنڈکٹر انڈسٹری میں ویکیوم اور تخفیفی آلات میں عالمی رہنما اور اٹلس کوپکو گروپ (Atlas Copco Group) کے حصے، ایڈورڈز ویکیوم نے جینیسی کاؤنٹی میں واقع مغربی نیویارک سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ایڈوانسڈ مینوفیکچرنگ پارک کو، اپنی نئی 319$ ملین کی، امریکی ڈرائی پمپ مینوفیکچرنگ کی سہولت گاہ کے مقام کے طور پر منتخب کیا ہے۔ ڈرائی پمپ ٹیکنالوجی جو نئی سہولت گاہ میں تیار کی جائے گی سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ کے انتہائی حساس عمل کے ماحول کو کنٹرول کرنے کے لیے ایک اہم جزو ہے۔ ایڈورڈز ویکیوم کے 240,000 مربع فٹ کیمپس کے پہلے مرحلے میں مینوفیکچرنگ، گودام اور انتظامیہ شامل ہیں۔ سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ سپلائی چین کے عالمی لیڈر کی جانب سے ریاست نیویارک میں سرمایہ کاری کرنے کا یہ نیا عزم اس اعلان پر قائم ہے کہ مائیکرون وسطی نیویارک میں 100$ بلین کی بے مثال سرمایہ کاری کر رہا ہے۔

"ایڈورڈز ویکیوم کی جانب سے یہ بڑی سرمایہ کاری نیویارک کو سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ میں ایک رہنما کے طور پر محفوظ بنانے کے ہماری تحرک پر قائم ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "وسطی نیویارک کے لیے مائیکرون کے 100$ بلین کے عزم کے ساتھ، نیویارک کی گرین CHIPS کی قانون سازی اور وفاقی CHIPS اور سائنس ایکٹ (CHIPS and Science Act) کی وجہ سے، ہم نیویارک کو جدید مینوفیکچرنگ کا عالمی مرکز بنانے اور مستقبل کی ملازمتوں کو مائل کرنے کے لیے پہلے سے کہیں بہتر پوزیشن میں ہیں۔ میں جینیسی کاؤنٹی میں ایڈورڈز ویکیوم کا خیر مقدم کرتے ہوئے بہت خوش ہوں اور ان کے ساتھ، نیز ہمارے مقامی، ریاستی اور وفاقی شراکت داروں کے ساتھ کام کرنے کا منتظر ہوں، کیونکہ وہ نیویارک کو اپنا گھر بنا رہے ہیں۔"

"CHIPS اور سائنس ایکٹ بالائی ریاست نیویارک کی پھر سے خدمت بج لا رہا ہے،" **سینٹ کے اکثریتی لیڈر Charles Schumer نے کہا۔** "میں یہ اعلان کرتے ہوئے بہت خوش ہوں کہ ایڈورڈز ویکیوم، جو سیمی کنڈکٹر سپلائی چین کا ایک بڑا کھلاڑی ہے، جلد ہی جینیسی کاؤنٹی کو 300$ ملین سے زیادہ کے پلانٹ اور 600 اچھی تنخواہ والی ملازمتوں کے ساتھ طاقت دے گا! وسطی NY میں مائیکرون کی نئی سرمایہ کاری اور مارسی میں وولف

اسپیڈز کی نئی فیب (Wolfspeed's new fab in Marcy) سے لے کر، ہڈسن ویلی میں جلد آغاز کی جانے والی آنسیمی اور دارلحکومتی علاقے میں گلوبل فاؤنڈریز کی جانب سے تعمیر کی جانے والی نئی فیب تک، اور اب ایڈورڈز کی جانب سے مغربی نیویارک کی STAMP سائٹ پر ہماری سیمی کنڈکٹر سپلائی چین کو سُپرچارج کیے جانے سے، بالائی ریاست چپ انڈسٹری کا عالمی مرکز بن رہی ہے۔ میں نے پچھلے مہینے ایڈورڈز ویکیوم کے اعلیٰ عہدیداروں کو بتایا تھا کہ نیا پلانٹ قائم کرنے کے لیے STAMP سے بہتر کوئی سائٹ نہیں ہے اور مجھے خوشی ہے کہ انہوں نے میری بات پر دھیان دیا۔ اپنے CHIPS اور سائنس ایکٹ کی مشعل تھام کر، ہم اب بالائی ریاست کے مینوفیکچرنگ سیکٹر میں توانائی کا ایسا بہاؤ دیکھ رہے ہیں جیسا کہ پہلے کبھی نہیں تھا، اور یہ سرمایہ کاری اس بات کو مزید تقویت دے گی کہ مائیکرو چپس کا مستقبل امریکی ساختہ مصنوعات کے ساتھ بنایا جائے گا، جو نیویارک کے کارکنوں کی جانب سے تیار کی جائیں گی۔"

**ایڈورڈز کے سیمی کنڈکٹر کاروبار کی صدر Kate Wilson نے کہا،** "مجھے خوشی ہے کہ ہم ریاست نیویارک میں نئی سہولت گاہ کا اعلان کر رہے ہیں۔ واضح طور پر مینوفیکچرنگ کی ان صلاحیتوں میں سرمایہ کاری کی زیادہ ضرورت کو ظاہر کرنے والے، بڑھتی ہوئی طلب کے پس منظر میں، کہ جو ہمارے صارفین کے قریب واقع ہوں، ہم اپنے آپریشنل فٹ پرنٹ میں نمایاں سرمایہ کاری جاری رکھے ہوئے ہیں۔ یہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اہم ہے کہ ہم عالمی سیمی کنڈکٹر انڈسٹری میں طویل مدتی ویکیوم اور تخفیفی شراکت دار کے طور پر اپنی پوزیشن برقرار رکھیں۔"

ایڈورڈز ویکیوم اندرونی تربیت اور تعلیم فراہم کرے گا، جس سے ہر ملازم کو اپنے کیریئر کے مواقع تلاش کرنے اور آگے بڑھانے کا موقع ملے گا۔ مزید برآں، ایڈورڈز پسماندہ کمیونٹیز سے داخلہ سطح کے ملازمین کو بھرتی کرنے اور موجودہ کمیونٹی پر مبنی بھرتی اور تربیتی پروگرامز کے ساتھ شراکت داری کے لیے پُرعزم ہے، تاکہ بنیادی مہارتیں اور تکنیکی مہارتیں دونوں فراہم کی جائیں جو روزگار کے وہ مواقع فراہم کریں گی جو پہلے ان کمیونٹیز میں دستیاب نہ تھے۔

مغربی نیویارک سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ایڈوانسڈ مینوفیکچرنگ پارک ( Science & Technology Advanced Manufacturing Park, STAMP) نیویارک میں گرین مینوفیکچرنگ ترقی میں سب سے آگے 1,250 ایکڑ پر محیط میگا سائٹ ہے۔ بفلو-راچسٹر ٹیک کوریڈور میں ایک اسٹریٹجک مقام پر اعلیٰ صلاحیتی، کم لاگتی قابل تجدید بجلی فراہم کرنے کے لیے تیار کیے گئے، STAMP نے اختراعی کمپنیوں کی طرف سے 500$ ملین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کو متوجہ کیا ہے۔ سائٹ پر 500 سے زیادہ دستیاب قابل تعمیر ایکڑز، 30 میل کے اندر 1.1 ملین افراد، اور قریبی کالجوں اور یونیورسٹیوں میں سالانہ اندراج شدہ 30,000 انجینئرنگ طلباء کے ساتھ، STAMP نیویارک کی بڑھتی ہوئی سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ، جدید مینوفیکچرنگ، اور قابل تجدید مینوفیکچرنگ انڈسٹریز میں تیزی لانے کی پوزیشن میں آ چکا ہے۔

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "سیمی کنڈکٹر انڈسٹری میں سپلائی چین کے شراکت داروں کو راغب کرنا ریاست نیویارک میں ایک مضبوط ماحولیاتی نظام کی تعمیر میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ ایڈورڈز ویکیوم کا اپنی نئی سہولت گاہ کے لیے STAMP کا انتخاب ریاست نیویارک کو سیمی کنڈکٹر انڈسٹری میں ایک رہنما کے طور پر مزید مستحکم کرتا ہے۔"

**نیویارک پاور اتھارٹی کے عبوری صدر اور CEO Justin E. Driscoll نے کہا،** "ایڈورڈز ویکیوم کی STAMP سرمایہ کاری نیویارک کے سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ میں عالمی لیڈر کے طور پر ابھرنے کا ثبوت ہے۔ قابل اعتماد سپلائی چین پارٹنرز کا حصول سیمی کنڈکٹر انڈسٹری کے لیے اہم ہے، اور اس طرح کے پروجیکٹس نیویارک کی منفرد خصوصیات کو ظاہر کرتے ہیں جو یہاں انڈسٹری کو ترقی دینے میں مدد کریں گے۔"

ایڈورڈز ویکیوم کے ساتھ معاہدے کے حصے کے طور پر، ESD نے کارکردگی پر مبنی جامع و ارفع جابز ٹیکس کریڈٹس، انویسمنٹ ٹیکس کریڈٹس کے مجموعے میں 21$ ملین تک کی اور اس مقام پر 600 نئی کل وقتی ملازمتوں کے بدلے ایک اضافی 1$ ملین کی پیشکش افرادی قوت کی ترقی اور ایک متنوع اور جامع افرادی قوت کی تربیت

کے لیے کی ہے علاوہ ازیں، نیویارک پاور اتھارٹی بورڈ آف ٹرسٹیز، مستقبل کی عوامی میٹنگ میں کم لاگت والے نیاگرا ہائیڈروپاور کے لیے درخواست کا جائزہ لے گا۔

ایڈورڈز ویکیوم سے توقع ہے کہ وہ بعد کی تاریخ میں جینیسی کاؤنٹی معاشی ترقیاتی مرکز کے ساتھ معاہدوں کے لیے درخواست دے گا تاکہ پراپرٹی، سیلز، اور رہن ٹیکس کی مدد کے ذریعے STAMP پر کمپنی کی سرمایہ کاری کی حمایت کرے۔ درخواست GCEDC کی ترقی یافتہ سائٹ پر کسی بھی کمپنی کے ذریعے تجویز کردہ سب سے بڑی افرادی قوت اور کیپٹل سرمایہ کاری کی حمایت کرے گی۔

گزشتہ ماہ، سینیٹر Schumer نے ایڈورڈز ویکیوم کے صدر، Geert Follens کو، بالائی ریاست نیویارک میں عالمی سیمی کنڈکٹر سپلائی چین کمپنی کو وسعت دینے کی ترغیب دینے کی خاطر ذاتی طور پر بلایا۔ سینیٹر Schumer کا دو طرفہ CHIPS اور سائنس ایکٹ، سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ کی سہولت گاہوں اور سپلائی چین پارٹنرز جیسے ایڈورڈز ویکیوم کے لیے سرمایہ کاری ٹیکس کریڈٹ، اور ساتھ ہی بیرون ملک سے اچھی تنخواہ والی ملازمتیں واپس لانے، قومی سلامتی کو مضبوط بنانے اور امریکہ کی تکنیکی قیادت کو دوبارہ قائم کرنے کے لیے، امریکی سیمی کنڈکٹر تحقیق، ترقی، مینوفیکچرنگ، اور افرادی قوت کی تربیت کی حوصلہ افزائی کے لیے، منفرد نوعیت کی 52$ بلین وفاقی مراعات تخلیق کرتا ہے۔ یہ بل ان مراعات کے وصول کنندگان سے درکار کرتا ہے کہ وہ کارکنوں اور کمیونٹی کے حوالے سے مساوی معاشی ترقی کی معاونت کرنے والی اہم سرمایہ کاریاں کریں۔ ایڈورڈز ویکیوم سے CHIPS اور سائنس ایکٹ کے تحت مراعات کے لیے بھی درخواست کرنے کی توقع ہے۔ Schumer نے STAMP کی ترقی کے لیے طویل مدتی حمایت کی ہے اور STAMP پر نئی سیمی کنڈکٹر اور جدید مینوفیکچرنگ کمپنیز کے قیام کی خاطر ترغیب دینے میں بھی معاونت کی ہے۔ Schumer نے کہا کہ یہ نئی وفاقی اور ریاستی سرمایہ کاریاں ہڈسن ویلی سے مغربی نیویارک کے STAMP تک سیمی کنڈکٹر انڈسٹری میں ہزاروں نئی ملازمتوں کی جانب متوجہ کر کے بالائی نیویارک میں ایک نئی 'ایری کینال' تشکیل دے رہی ہیں۔

سیمی کنڈکٹرز، اور ان کے سپلائی چین شراکت دار، قوم کی معاشی طاقت کے لیے ضروری ہیں، جدید الیکٹرانکس کے مغز، اور امریکی معاشی ترقی، قومی سلامتی، اور عالمی مسابقت کے لیے ضروری فعالیتی ٹیکنالوجیز کے طور پر کام کرتے ہیں۔ یہ صنعت امریکہ میں 277,000 سے زیادہ لوگوں کو براہ راست ملازمت دیتی ہے اور 1.8 ملین سے زیادہ اضافی مقامی ملازمتوں کی حمایت کرتی ہے۔ سیمی کنڈکٹرز امریکی برآمدات میں سرفہرست پانچ ہیں، اور صنعت محنت کی پیداواری صلاحیت میں نمبر ایک معاون ہے، جو کاشتکاری سے لے کر مینوفیکچرنگ تک — عملی طور پر ہر اقتصادی شعبے کی تاثیر اور کارکردگی میں بہتری کی حمایت کرتی ہے۔ اس سال کے شروع میں، گورنر Hochul نے نیویارک کی ملکی معروف گرین CHIPS قانون سازی کو قانون میں شامل کرنے کے لیے دستخط کیے ہیں تاکہ سرفہرست سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ کاروباروں کو ریاست کی جانب متوجہ کیا جا سکے اور اچھی ادائیگی والی ملازمتوں، استحکامیت، اور کمیونٹی کے فوائد کے عزائم پورے کیے جا سکیں۔

سپلائی چین کے مسائل اور عالمی چپ کی پیداوار میں امریکہ کے حصے میں تخفیف معیشت کے ہر پہلو کے لیے غیر ضروری مشکلات کا سبب بن رہی ہے۔ امریکی چپ کی پیداواری صلاحیت کا یہ کٹاؤ قوم کو کئی اہم شعبوں میں ایک اسٹریٹجک نقصان میں ڈالتا ہے، بشمول قومی سلامتی، تکنیکی جدت، اور اقتصادی ترقی اور آزادی کے۔ کیونکہ 300 سے زیادہ صنعتیں چپس استعمال کرتی ہیں — کاروں سے لے کر سیل فون تک — ان کی کمی دیگر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو بڑھا دیتی ہے۔ ایڈورڈز ویکیوم کی نئی سہولت گاہ امریکہ میں اہم سیمی کنڈکٹر ملازمتوں کی بحالی میں ریاست نیویارک کو قومی رہنما کے مقام پر فائز کرے گی۔

نمائندے **Joe Morelle نے کہا،** "یہ بالکل اسی نوعیت کی سرمایہ کاری ہے جن کو سہولت پہنچانا، میری مدد سے پاس ہونے والے وفاقی CHIPS اور سائنس ایکٹ کا مقصد تھا۔ ہم اپنی سپلائی چین کو مستحکم کرنے، مینوفیکچرنگ میں اضافہ کرنے، اور اپنی مقامی معیشت کو فروغ دینے—اپنی کمیونٹی میں اچھی ادائیگی والی ملازمتیں لانے کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھا رہے ہیں۔ میں STAMP سہولت گاہ کا طویل مدتی حامی ہوں، اور گورنر Hochul، سینیٹر Schumer، اور حکومت میں اپنے شراکت داروں کے ہماری کمیونٹی کے مستقبل کے لیے سرمایہ کاری کے عزم پر ان سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔"

**جینیسی کاؤنٹی کی مجلسِ قانون ساز کی صدر Shelley Stein نے کہا،** "ہمیں بہت فخر ہے کہ جینیسی کاؤنٹی کی تاریخ میں STAMP معاشی ترقی کی سرمایہ کاری کا سب سے بڑا مقام ہو گا۔ جینیسی کاؤنٹی مجلس قانون ساز میں اپنے ساتھیوں کی جانب سے ایڈورڈز ویکیوم کا ہم اپنی کمیونٹی میں خیر مقدم کرتے ہیں اور ان کی یہاں کامیابی اور ہمارے محنتی رہائشیوں کے لیے ان کے فراہم کردہ کیریئر کے مواقع کے منتظر ہیں۔ یہ اعلان ہماری کاؤنٹی میں اکیسویں صدی کی مینوفیکچرنگ کی منصوبہ بندی، تیاری اور خیر مقدم کرنے کے لیے جینیسی کاؤنٹی کی مستعد توجہ کو ظاہر کرتا ہے۔"

**الاباما کے قصبے کے سپروائزر Rob Crossen نے کہا،** "STAMP کی ترقی کے ذریعے ہمارا مشترکہ ویژن جینیسی کاؤنٹی میں نئی ملازمتیں اور سرمایہ کاریاں لانے اور ہمارے رہائشیوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانے میں اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ مؤخر الذکر کا آغاز بنیادی ڈھانچے میں بہتریوں کے ذریعے ہوا ہے، خاص طور پر جیسا کہ یہ پانی کی سروس سے متعلقہ ہے، اور ہمیں خوشی ہے کہ STAMP اور ہماری کمیونٹی جدید مینوفیکچرنگ کمپنیز اور اچھی تنخواہ والی ملازمتوں کو راغب کر رہی ہے۔"

**فنگر لیکس علاقائی معاشی ترقیاتی کونسل کے شریک صدور، گریٹر راچسٹر چیمبر آف کامرس کے صدر اور CEO Bob Duffy اور SUNY جینیسیو کی صدر Denise Battles نے کہا،** "ہم ایڈورڈز ویکیوم کو اس ناقابل یقین پروجیکٹ پر مبارکباد دیتے ہیں، اور جینیسی کاؤنٹی میں جدید ترین مغربی NY سائنس، ٹیکنالوجی اور ایڈوانسڈ مینوفیکچرنگ پارک میں ان کا خیرمقدم کرتے ہیں۔ یہ اعلیٰ معیار کی ملازمتیں علاقائی معیشت کو تقویت بخشنے میں مدد کریں گی، ٹیکنالوجی اور ترقی کے مرکز کے طور پر اس کی ساکھ کو مزید بہتر بنائیں گی۔"

**جینیسی کاؤنٹی معاشی ترقیاتی مرکز کے صدر اور CEO، Steve Hyde نے کہا،** "ایک کہاوت ہے کہ معاشی ترقی مختصر نہیں بلکہ ایک طویل دوڑ ہے اور ایک دہائی قبل جب یہ STAMP کاغذی تصور تھا تب سے اس کے بارے میں ہمارا نقطہ نظر یہی رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ دیکھنا بہت خوش آئند ہے کہ کس طرح اس مستحکم اور بامقصد حکمت عملی کے نتیجے میں ہمارے سرکاری اور نجی شعبے کے شراکت داروں اور خاص طور پر سینیٹر Schumer اور گورنر Hochul کی طرف سے اس اعلان کے ذریعے سالوں سے کی گئی سرمایہ کاری میں نمایاں ریٹرن آیا ہے۔ اس اعلان سے ظاہر ہوتا ہے کہ STAMP اور ہمارا خطہ سیمی کنڈکٹر انڈسٹری کی ترقی کے لیے مثالی مقام ہے۔"

**گریٹر راچسٹر انٹرپرائز کے صدر اور CEO Matt Hurlbutt نے کہا،** "ایڈورڈز ویکیوم، ایک اختراعی ویکیوم مینوفیکچرر جو سیمی کنڈکٹر انڈسٹری کے لیے خدمت مہیا کرتا ہے، میگا سائٹ کے منفرد بنیادی ڈھانچے، جس میں قابل اعتماد، کم لاگت ہائیڈروپاور اور لامحدود پانی کی فراہمی شامل ہے، اس سے فائدہ اٹھانے کے لیے گریٹر راچسٹر، NY کے علاقے میں واقع مغربی نیویارک سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ایڈوانسڈ مینوفیکچرنگ پارک میں توسیع کر رہا ہے۔ راچسٹر، NY مکینیکل اور الیکٹریکل انجینئرنگ کی مہارت اور علاقائی افرادی قوت کے ترقیاتی شراکت داروں کے ساتھ انتہائی ہنر مند افراد کے ارتکاز کی وجہ سے بھی پُرکشش ہے جو ایڈورڈ ویکیوم کی مستقبل کی افرادی قوت کو تربیت دینے کے لیے اسٹیک ایبل اسنادی پروگرامز اور سرٹیفکیٹ پروگرامز پیش کرتے ہیں۔ GRE نے راچسٹر میں اس توسیع کو معاونت دینے کے لیے ایڈورڈز ویکیوم کو متعدد معاشی ترقی کے وسائل سے مربوط کیا اور اس پروجیکٹ کے مزید آگے بڑھنے کے ساتھ کمپنی کی حمایت جاری رکھے گا۔"

یہ اہم سرمایہ کاری نیویارک کی پہلے سے ہی مضبوط سیمی کنڈکٹر انڈسٹری میں اضافہ کرتی ہے۔ وسطی نیویارک میں مائیکرون کی $100 بلین کی بڑی سرمایہ کاری کے علاوہ، نیویارک میں گلوبل فاؤنڈریز، وولف اسپیڈ، آنسیمی، اور IBM جیسے متعدد عالمی چپ انڈسٹری کے رہنما موجود ہیں۔ نیویارک عالمی شہرت یافتہ البانی نانوٹیک کمپلیکس کا گھر بھی ہے جو کہ کئی بلین ڈالر کی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ہے جس میں سب سے جدید ترین، عوامی ملکیتی، 300 ملی میٹر سیمی کنڈکٹر کی تحقیق و ترقی کی سہولت گاہ شامل ہے اور یہ جدید ترین چپ ڈویلپمنٹ کو فروغ دینے کے لیے صف اول کی یونیورسٹیز اور صنعت کے سرکردہ کھلاڑیوں کو اکٹھا کرتا ہے۔ گورنر Hochul اور سینیٹر Schumer کی انتھک وکالت کی وجہ سے، ایڈورڈز جیسی سیمی کنڈکٹر سپلائی چین کمپنیاں بھی ترقی پا رہی ہیں۔ اس سال کے شروع میں کارننگ انکارپوریٹڈ (Corning Incorporated) نے $139 ملین کی سرمایہ

کاری کی، جس سے مونرو کاؤنٹی میں 270 سے زیادہ نئی ملازمتیں تخلیق ہوئیں تاکہ بڑھتی ہوئی سیمی کنڈکٹر مارکیٹ کی طلب کو پورا کیا جا سکے۔

**ایڈورڈز ویکیوم کا تعارف**

ایڈورڈز جدید ترین ویکیوم مصنوعات، ایگزاسٹ مینجمنٹ سسٹمز اور متعلقہ ویلیو ایڈڈ سروسز کا سرکردہ ڈویلپر اور مینوفیکچرر ہے۔ یہ سیمی کنڈکٹرز، فلیٹ پینل ڈسپلیز، LEDs اور سولر سیلز کے لیے مینوفیکچرنگ کے عمل کے لیے لازمی ہیں؛ انہیں صنعتی عمل کے زیادہ متنوع سلسلے، بشمول پاور، شیشہ اور دیگر کوٹنگ ایپلی کیشنز، اسٹیل اور دیگر دھات کاری، فارماسیوٹیکل اور کیمیکل؛ اور سائنسی آلات اور R&D ایپلی کیشنز کے وسیع سلسلے دونوں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
ایڈورڈز کے پاس دنیا بھر میں 8,000 سے زیادہ ملازمین ہیں جو ہائی ٹیکنالوجی ویکیوم اور ایگزاسٹ مینجمنٹ آلات کے ڈیزائن، تیاری اور معاونت میں مصروف ہیں اور اس کی یورپ، ایشیا اور شمالی امریکہ میں جدید ترین مینوفیکچرنگ سہولت گاہیں موجود ہیں۔

ایڈورڈز اٹلس کوپکو گروپ کا حصہ ہے (NASDAQ OMX اسٹاک ہوم: ATCO A، ATCO B)، جو کہ صنعتی پیداوار کے حلوں کے لیے سویڈن میں واقع فراہم کار ہے۔
ایڈورڈز کے متعلق مزید معلومات www.edwardsvacuum.com پر مل سکتی ہیں

**فنگر لیکس فارورڈ کی رفتار تیز کرنا**

آج کا اعلان "فنگر لیکس فارورڈ" کی تکمیل کرتا ہے، جو کہ مضبوط معاشی ترقی اور کمیونٹی کی ترقی کے لیے خطے کا جامع بلیو پرنٹ ہے۔ خطہ جاتی سطح پر ڈیزائن کردہ منصوبہ اہم صنعتوں بشمول فوٹونکس، زراعت و غذائی پیداوار، اور جدید مینوفیکچرنگ میں سرمایہ کاری پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ اب، یہ خطہ ریاستی کے شمالی علاقے کی حیاتِ نو پہل کاری (Upstate Revitalization Initiative) کے ذریعے $500 ملین کی ریاستی سرمایہ کاری کے ساتھ فنگر لیکس فارورڈ کو تیز کر رہا ہے۔ ریاست کی $500 ملین کی سرمایہ کاری نجی کاروبار کو $2.5 بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کے لیے ترغیب دے گی - اور خطے کے منصوبے، جیسا کہ پیش کیا گیا ہے، سے 8,200 تک نئی ملازمتوں کی توقع ہے۔ مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں**

ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ نیویارک کی اقتصادی ترقی کی اہم ایجنسی ہے۔ ESD کا مشن یہ ہے کہ ایک مضبوط اور پھلنے پھولنے والی معیشت کو فروغ دیا جائے، نئی نوکریاں اور اقتصادی مواقع پیدا کرنے کی حوصلہ افزائی کی جائے، ریاست اور اس کی میونسپلٹیز کے لئے ریوینیوز کو بڑھایا جائے، اور مستحکم اور متنوع مقامی اقتصادیات حاصل کی جائیں۔ قرضہ جات، عطیات، ٹیکس کریڈٹس اور دیگر اقسام کی مالی امداد کو بروئے کار لا کر، ESD نجی کاروباری سرمایہ کاری اور ترقی کو بڑھانے کی کوشش کرتی ہے تاکہ ملازمتی تشکیل کی حوصلہ افزائی کر سکے اور ریاست نیو یارک میں ہر جگہ ترقی کرتی کمیونٹیز کی معاونت کر سکے۔ ESD ایک بنیادی انتظامی ایجنسی بھی ہے جو ریاست نیویارک کی علاقائی معاشی ترقیاتی کونسلز کی نگرانی اور ریاست کے مشہور سیاحتی برانڈ "آئی لو نیویارک" کی مارکیٹنگ کرتی ہے۔ علاقائی کونسلز اور امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، http://www.regionalcouncils.ny.gov/ اور http://www.esd.ny.gov/ ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418